سوال

(104) کیا ایسا کہنا جائز ہے کہ ''اللہ آپ کا حال پوچھتا ہے؟''

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ان الفاظ کے بارے میں کیا حکم ہے: ''اللہ آپ کے حال کے بارے میں پوچھتا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ الفاظ استعمال کرنا جائز نہیں کہ ''اللہ آپ کے حال کے بارے میں پوچھتا ہے۔''کیونکہ یہ اوراس طرح کے الفاظ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ... نعوذ باللہ... اللہ تعالیٰ کو معلوم نہیں، لہٰذا اسے پوچھنے کی ضرورت اور یہ بہت غلط بات ہے، گو قائل کا یہ ارادہ نہ بھی ہو کہ اللہ سے کوئی چیز مخفی ہے اور وہ پوچھنے کا محتاج ہے مگر اس کے باوجود اس عبارت سے یہ مفہوم اجاگر ہو کر سامنے آجاتا ہے، لہٰذا اس طرح کی ترکیب لفظی کو ترک کرنا واجب ہے اس کے بجائے اس طرح کے الفاظ استعمال کرنے چاہئیں کہ ''میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ آپ کی حفاظت فرمائے۔''اور''میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اپنے لطف و کرم سے تمہیں نوازدے۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل: صفحہ 179

محدث فتویٰ